75: سورۃالقِیامۃ

Flow Chart *Macro Structure*

مکّیہ	آیات:40	پیراگراف:7



زمانۂ نزول:

سورۃ القیامہ مکی دور کے ابتدائی ایام میں نازل ہوئی۔ سورۃ القیامہ کا پہلا اور آخری حصہ اعلانِ عام کے بعد 4 نبوی میں نازل ہوا اور درمیانی حصہ آغازِ نبوت کے وقت۔

1. آیات 1 تا 5، اعلان عام کے بعد نازل ہوئیں، جب قریش کے لیڈر قیامت کا انکار کرتے ہوئے بطورِ استہزاء قیامت کا وقت پوچھ رہے تھے۔ يَسْـَٔلُ اَيَّانَ يَوْمُ الْقِيٰمَةِ ؕ (آیت 6)
2. آیات 16 تا 19، آغازِ نبوت کے زمانے ہی میں نازل ہوئیں، جب رسول اللہ ﷺ پر وحی کا پہلا تجربہ ہو رہا تھا۔
3. آیات 20 تا 40، اعلانِ عام کے بعد نازل ہوئیں۔
4. آیات 31 تا 35، ابو جہل کے بارے میں ہیں، جس نے تصدیق کی بجائے تکذیب سے کام لیا۔